ilmkidunya

Economics - 9th Class Urdu Medium Economics Chapter 2

Q1. افادہ کی خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: 1- آفادہ کا آنحصار انسان کی خواہش کی شدت پر ہوتا ہے اس لیے ایک شخص کا کسی شے سےافادہ دوسرے شخص کے افادہ مختلف ہوتا ہے. 2- جس شے کے ایک سے زیادہ استعمال موجود ہوں اس کا افادہ بھی زیادہ ہوتا ہے جیسے بجلی اور قدرتی گیس وغیرہ. 3- افادہ صارف کی نوعیت پر انحصار کرتا ہے جیسے ایک نابینا کے لیے رنگین تصویروں والی کتاب کوئی افادہ نہیں رکھتی. 4- افادہ شے کی شکل میں تبدیلی سے تبدیل ہوجاتاہے. جنگل میں لکڑی کا موٹا تنا بے کار ہے لیکن جب شہر مین وہ فرنیچیر کی شکل اختیار کرلیتا ہے تو اسی میں افادہ پایا جاتا ہے. 5- افادہ ایک زہنی اصطلاح ہے اس کی پیمائش نہیں ہوسکتی

Q2. ضروری حاجات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: یہ پہلے درجے کی اہم ترین حاجات ہوتی ہیں کیونکہ ان کے بغیر زندگی کا تصور مشکل ہے مثلا خوراک ، لباس، رہائش

Q3. حاجات کی تعریف کریں.

Ans 1: انسان کو تمام زندگی مختلف مادی اور غیر مادی اشیاء کی ضرورت رہتی ہے. یہی ضروریات حاجات کہلاتی ہیں.

Q4. غیر معاشی حاجات کی تعریف کریں.

Ans 1: یہ وہ حاجات ہیں جن کو پورا کرنے کے لیے ہیں رقم ادا نہیں کرنی پڑتی مثلا ہوا اور روشنی وغیرہ. غیر معاشی اشیاء کو مفت اشیاء بھی کہتے ہیں. مثال کے طور پر ہوا جس میں سانس لیتے ہیں دھوپ، بارش کا پانی، سمندر کا پانی وغیرہ

Q5. جسمانی جدوجہد کی تعریف کریں.

Ans 1: اس کا تعلق انسان کی جسمانی محنت سے ہے . کسی شے کو پیدا کرنے کے لیے مشقت کی ضرورت ہوتی ہے. اگرچہ جدو جہد کی پیمائش نہیں ہوسکتی لیکن ہم کہہ سکتے ہیں کہ مثال کے طور پر ناظم کا منافع اس کی جدو جہد کا نتیجہ ہے مزدور کی اجرت اس کی جسمانی کوشش کا صلہ ہے.

Q6. تعیشاتی حاجات کی تعریف کریں.

Ans 1: یہ تیسرے درجے کی کم اہم ترین حاجات ہوتی ہیں جن سے زندگی نہ صرف آسان بلکہ عیش و عشرت سے بسر ہوتی ہے. مثلا سواری کےلیے مہنگی اور آرام دہ گاڑی رہنے کے لیے وسیع و عریض بنگلہ، گرمی کی شدت کو کم کرنے کے لیے ائیر کنڈیشنز وغیرہ

Q7. اشیائے پیداوار یا اشیائے سرمایہ کی تعریف.

Ans 1: یہ اشیاء مزید پیداوار حاصل کرنے لے لیے استعمال ہوتی ہیں. ان کی طلب ماخوذ طلب کہلاتی ہے. کیونکہ اشیائے صرف کی طلب کی وجہ سے اشیائے پیداوار کی طلب ہوتی ہے. یہ سرمایاتی اشیائے ، اشیائے آجرین بھی کہلاتی ہیں.

Q8. حاجات کی خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: 1- انسان کی حاجات لامحدود ہیں جن کا شمار ممکن نہیں. 2- یہ ایک وقت میں پوری ہوکر دوبارہ پیدا ہوجاتی ہیں. 3- یہ ایک وسرے کا مقابلہ کرتی ہیں. اور ان میں انتخاب کرنا پڑتا ہے. 4- یہ مختلف زرائع سے پوری ہوسکتی ہیں. 5- شدت کے لحاظ سے ان کی اہمیت میں فرق ہے.

Q9. تسکین سے کیا مراد ہے.

Ans 1: تسکین وہ کیفیت ہے جس کے بعد مزید شے کے استعمال کی حاجت نہیں رہتی اور انسان کو تسلی ہوجاتی ہے. معاشیات میں اس تصور کی بہت اہمیت ہے.

Q10. مختتم افادہ کی تعریف کریں.

Ans 1: کسی شے کی اگلی اکائی کو استعمال کرنے سے جو کل افادہ میں تبدیلی ہو وہ مختتم افادہ کہلاتا ہے.